

کیا آپ کو اپنے کسی واقف شخص میں تبدیلیاں آنے پر فکر ہے؟

یہ جاننا مشکل ہو سکتا ہے کہ کیا کیا جائے

تبدیلیوں کی بہت سی وجوہ ہو سکتی ہیں۔ یہ جاننا مشکل ہو سکتا ہے کہ کیا تبدیلیاں ایک انسان کی زندگی کے حالات کا نارمل ردّعمل ہیں یا یہ برے اثرات کی علامت ہو سکتی ہیں۔

اگر کوئی اپنے دوستوں اور گھر والوں سے دور ہو رہا ہو، معمول سے زیادہ غصہ کر رہا ہو یا اسکے ذہن پر بعض خیالات یا نئے عقائد حاوی ہو رہے ہوں تو فکرمند ہونا درست ہے۔

ہم سے رابطہ کرنے کے لیے ضروری نہیں کہ آپکو یقین ہو۔ اتنا ہی کافی ہے کہ آپ کو کچھ ٹھیک نہ لگ رہا ہو۔

STEP TOGETHER مدد کے لیے حاضر ہے۔

Step Together ان لوگوں کے لیے مفت امدادی سروس ہے جو اپنے کسی واقف کے بدل جانے پر فکرمند ہوں۔

آپ کو، بری بھلی رائے کے بغیر، محفوظ ماحول میں عملی مدد اور رہنمائی مل سکتی ہے۔

ہم آپ کو:

- ان تبدیلیوں کو سمجھنے میں مدد دے سکتے ہیں جو آپ دیکھ رہے ہوں
- یہ سمجھنے میں مدد دے سکتے ہیں کہ کن صورتوں میں زیادہ توجہ دینا ضروری ہے
- بات چیت کے آغاز کا اعتماد پیدا کرنے کے لیے مدد دے سکتے ہیں
- اگلے مراحل پر غور کرنے کے لیے مدد دے سکتے ہیں
- ضرورت ہونے پر مزید مدد کے لیے رابطہ کروا سکتے ہیں۔

آج ہی بات چیت شروع کریں

کچھ افراد یا گروہ جان بوجھ کر ایسے انتہاپسندانہ نظریات پھیلا کر دوسروں پر اثرانداز ہونے کی کوشش کرتے ہیں جن سے لوگ ایک دوسرے کے خلاف ہو جائیں، مسائل کے لیے بعض گروہوں کو قصوروار ٹھہراتے ہیں یا تشدّد کے قابل قبول ہونے کی باتیں کرتے ہیں۔

جب انتہاپسندانہ نظریات کے نتیجے میں تشدّد کیا جائے یا تشدّد کی حمایت کی جائے تو اسے متشدّد انتہا پسندی کہا جاتا ہے۔

متشدّد انتہا پسندی کی روک تھام اس طرح شروع ہوتی ہے کہ ہم تبدیلیوں کے لیے آنکھیں کھلی رکھیں، سوالات پوچھیں اور جلد مشورہ حاصل کریں۔

اگر کچھ بدلا ہوا لگ رہا ہو یا فکر ہو تو یہ بات چیت شروع کرنے کے لیے کافی ہے۔

مشورے اور مدد کے لیے رابطہ کریں:

1800 875 204 پر کال کریں
یا www.steptogether.gov.au دیکھیں۔

مزید معلومات حاصل کریں

وابستہ رہیں

STEP TOGETHER

Australian Government

سیکھیں | بات کریں | مدد کریں

Connect

@steptogetheraus | @steptogetheraus
@steptogetheraus | @StepTogetheraus

اردو | Urdu